Altmaash / Hamid

09-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 کانگریس ممبر پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت والے کُل پارٹی وفد نے، امریکہ کا اپنا دورہ مکمل کیا۔

2 سکّم کے، 28 شہریوں اور 20 فوجیوں کو، زمینی تودے گرنے سے متاثرہ علاقوں سے، ہیلی کاپٹر کے ذریعے محفوظ علاقوں میں پہنچایا گیا۔

3 DRDO نے دفاعی سازو سامان کی تیاری کے ٹھکانے کو توسیع دینے کے مقصد سے، 9 دفاعی ٹیکنالوجیز، 10 بھارتی کمپنیوں کو منتقل کردی ہیں۔

4 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس حکم پر جس میں 12 ملکوں کے شہریوں کو امریکہ میں داخل ہونے سے روکا گیا ہے، آج سے عمل شروع ہوجائے گا۔

5 اور ٹینس میں، کارلوس الکاراز نے، ابھی تک کے، سب سے دیر تک کھیلے جانے والے، فرنچ اوپن کے فائنل میں، Jannik Sinner کو ہراکر، خطاب اپنے پاس برقرار رکھا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

All Party Delegation-US

کُل جماعتی پارلیمانی وفد نے پاکستان سے اُبھرنے والی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے بھارت کے مصمم ارادے اور عزم کو آگے بڑھانے کی غرض سے سیاسی اور سفارتی قیادت کے ساتھ ساتھ امریکہ کے نائب صدر J D Vance اور نائب وزیر خارجہ Christopher Landau کے ساتھ میٹنگوں کے بعد امریکہ کا اپنا دورہ مکمل کرلیا ہے۔

کانگریس MP ششی تھرور کی قیادت میں وفد کا اب، کئی ملکوں کا دورہ اپنے آخری مرحلے میں ہے، جہاں وفد کے ارکان نے آپریشن سندور کے بارے میں کلیدی مذاکرات کاروں کو جانکاری فراہم کی۔ بھارت نے 22 اپریل کو پہلگام دہشت گردانہ حملے کے جواب میں آپریشن سندور شروع کیا تھا۔

کئی پارٹیوں پر مشتمل سات وفود کو دنیا کی 33 راجدھانیوں کا دورہ کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی تھی تاکہ وہ دہشت گردی سے پاکستان کے رابطوں کے بارے میں جانکاری فراہم کرنے کیلئے بین الاقوامی برادری تک رسائی حاصل کر سکے۔

وفد 3 جون کو امریکہ کی راجدھانی پہنچا تھا اور اُس نے 3 دن کے اپنے قیام کے دوران کیپٹل ہل کے ساتھ ساتھ واشنگٹن میں کئی میٹنگیں کی تھیں، جس میں وفد نے امریکی حکومت کے حکام کے ساتھ ساتھ قانون سازوں کو سرحد کی اُس پار کی دہشت گردی کے بارے میں بھارت کے موقف کے بارے میں تفصیلات فراہم کی تھیں۔

**All Party Delegation**

BJP کے رکن پارلیمنٹ روی شنکر پرساد کی قیادت میں کُل جماعتی وفد، جرمنی کا اپنا دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرنے کے بعد کل دلی واپس آ گیا ہے۔ وفد نے، دہشت گردی کو قطعی برداشت نہ کرنے کے بھارت کے سخت پیغام کو دنیا کے بہت سے ملکوں تک پہنچایا ہے۔ دورے سے واپسی کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب پرساد نے کہا کہ اُن کے وفد نے فرانس، اٹلی، ڈنمارک، انگلینڈ، بلجیم اور جرمنی کا دورہ کیا اور اِس دورے میں دنیا کے بہت سے ملکوں نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی۔

**S/B- Ravi Shankar Prasad**

**Indian Norway Marine Conference**

ارضیاتی سائنسز کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کل رات Monaco کے مقام پر ناروے کے بین الاقوامی ترقی کے وزیر Asmund-Grover-Aukrust سے ملاقات کی۔

میٹنگ کے دوران، ناروے کے وزیر نے جموں وکشمیر کے پہلگام قصبے میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بارے میں بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ناروے کے وزیر نے انھیں مطلع کیا کہ ناروے میں عوام کے مابین بھارت کے حق میں زبردست ہمدردی ہے۔

**Special Feature 11 Year of Govt**

ملک میں، پچھلے 10 سال میں سیوا، Sushasan اور غریب کلیان کے اصولوں کی بدولت نمایاں کایا پلٹ ہوئی ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ مختلف اہم شعبوں میں حکومت کی 11 سال سے جاری کوششوں پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہاہے۔ آج ہم شمال مشرقی بھارت کے ترقی کے سفر کی بات کر رہے ہیں، جو کبھی دور دراز کا علاقہ سمجھا جاتا تھا، لیکن اب اِسے رابطے اور ترقی کی علامت کے طور پر دیکھا جاتاہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Akshit**

پچھلی دہائی میں شمال مشرق میں زبردست تبدیلی دیکھی گئی ہے۔ پہلے یہ علاقہ

الگ تھلگ تھا، لیکن اب مربوط ہوگیا ہے۔ مشرق نواز پالیسی اور وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں اِس خطے کی نوعیت، نظرانداز سے، ترجیح کی حامل ہوگئی ہے۔ امن سمجھوتوں پر دستخط کیے جانے سے یہ خطہ، امن کی طرف بڑھا ہے اور یہاں تشدد میں خاطر خواہ کمی آئی ہے، نیز ان کوششوں سے اِس خطے میں AFSPA کو کم کرنے کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ حال ہی میں، آسام اور اروناچل پردیش میں، کئی دہائیوں سے جاری سرحدی تنازعات کو حل کرنے کیلئے، ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ خطے میں رابطے اِس حد تک بہتر ہوئے ہیں، جس حد تک پہلے کبھی نہیں تھے۔

10 نئے ہوائی اڈوں، میزورم جیسی ریاستوں میں، نئے ریل رابطوں اور برہم پتر میں Ro-Ro Ferry خدمات کی وجہ سے، آمد و رفت کے ذرائع میں یکسر تبدیلی آ گئی ہے۔ بوگی بیل جیسے مشہور پروجیکٹوں کی وجہ سے، یہ دور دراز کا علاقہ قریب آ گیا ہے۔ PM - DevINE اور اُنّتی 2024 جیسی اسکیموں سے، نئے اقتصادی امکانات پیدا ہو رہے ہیں۔ بیرون ملک سے مدد یافتہ، ایک اعشاریہ تین پانچ لاکھ کروڑ روپے کے پروجیکٹوں سے، بنیادی ڈھانچے اور گزربسر کو فروغ حاصل ہوا ہے۔ یہ خطہ پن بجلی کی ترقیات میں ایک بڑی جست کے ذریعے 15ہزار میگا واٹ صاف ستھری توانائی تیار کرنے کے راستے پر گامزن ہے۔ آج شمال مشرق، محض کوئی سرحدی علاقہ نہیں ہے بلکہ یہ بھارت کی ترقی کے سفر میں پیش پیش ہے۔

اُکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں..........

**Sikkim Evacuation**

شمالی سکم میں Chaten علاقے میں پھنسے ہوئے کم از کم 28 افراد اور 20 فوجی اہلکاروں کو کل ایک ہیلی کاپٹر سے نکالا گیا، کیونکہ خطے میں سڑک رابطہ، شدید بارش کے سبب مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے منقطع ہوگیا تھا۔ ہیلی کاپٹر نے ٹورسٹ ٹیکسی ڈرائیوروں، بچوں اور سرکاری اہلکاروں پر مشتمل 28 شہریوں کو پہلی اُڑان کے ذریعے Chaten سے بحفاظت نکالا گیا، جبکہ فوج کے 20 اہلکار دوسری پرواز سے Pakyong Greenfield ہوائی اڈے لوٹ آئے۔ MI-17 ہیلی کاپٹر کو بھی Chaten میں پھنسے ہوئے فوجی عملے کیلئے لازمی اشیا کی سپلائی کیلئے استعمال کیا گیا تھا۔

سکم حکومت نے فوری راحت فراہم کرنے اور خطے میں مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے پھنسے ہوئے لوگوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے ہیلی کاپٹر کا انتظام کیا ہے۔

حال ہی میں خراب موسم کے پیش نظر راحت کی مربوط کارروائی اور بحفاظت لوگوں کو نکالنے کی کوششوں کی وجہ سے ممکن

ہوپائی۔ خراب موسم کی وجہ سے خطے میں سڑک رابطے میں خلل پڑا تھا اور وہاں تک رسائی مشکل ہوگئی تھی۔ شمالی سکم شدید بارش کے سبب مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے متاثر ہوا ہے، جس کی وجہ سے سڑک اور ٹیلی مواصلات کے رابطے میں رخنہ پڑا ہے۔

**Meghalaya Murder Case**

مقتول راجہ رَگھونشی کی بیوہ سونم رَگھونشی نے، کل رات اترپردیش کے غازی پور ضلع میں نندگنج پولیس اسٹیشن میں خودسپردگی کردی ہے۔ میگھالیہ پولیس کی خصوصی تفتیشی ٹیم نے راجہ کی ہلاکت کے سلسلے میں تین افراد کو گرفتار کیا ہے، جن میں دو مشتبہ افراد کا تعلق مدھیہ پردیش کے اندور سے ہے اور ایک کا تعلق اترپردیش کے للت پور ضلع سے ہے۔

راجہ رَگھونشی اور اُس کی اہلیہ، ہنی مون منانے کیلئے اندور سے میگھالیہ آئے تھے لیکن دونوں 23 مئی سے لاپتہ ہوگئے تھے۔ بعد میں راجہ رَگھونشی کی لاش برآمد ہوئی، لیکن اُن کی بیوہ سونم کی تلاش جاری تھی۔

**DRDO Defence Tech**

دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO کی مہاراشٹر کے شہر احمدنگر میں گاڑیوں سے متعلق تحقیق اور ترقی کے ادارے VRDE نے 9 طرح کے دفاعی نظام کو، 10 بھارتی صنعتوں کے حوالے کردیا ہے۔ اِس نظام میں کیمیاوی، حیاتیاتی، ریڈیو لاجیکل، نیوکلیائی، Recce گاڑی، Mounted Gun نظام، دہشت گردی کے خلاف کارروائی کرنے والی گاڑی اور فسادات پر قابو پانے والی Vajra-Riot کنٹرول گاڑی شامل ہے۔ منتقلی کی اِس تقریب میں DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر ڈاکٹر کامت نے DRDO اور متعلقہ صنعت کو، آپریشن سندور کے دوران، ملک ہی میں تیار کئے گئے نظام کی غیرمعمولی کارکردگی پر سراہا۔

VRDE نے، پُنے کی COEP ٹیکنالوجی یونیورسٹی کے ساتھ ایک معاہدے پر بھی دستخط کئے ہیں جس کا مقصد جدید ترین ٹیکنالوجیز کے میدان میں اشتراک کرنا ہے۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Trump Travel Ban**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا وہ حکم، جس کے تحت 12 ملکوں کے شہریوں پر، امریکہ میں داخل ہونے کی بندش عائد کرنے کیلئے کہا گیا ہے، آج سے نافذ ہوجائے گا۔ اِس بندش سے متاثرہ ملکوں میں: افغانستان، میانما، چاڈ، جمہوریہ کونگو، اِستوائی گِنی، Eritrea، ہیتی، ایران، لیبیا، صومالیہ، سوڈان اور یمن۔

جن سات دیگر ملکوں کے لوگوں کے داخلے پر جزوی طور پر بندش رہے گی، اُن میں برونڈی، کیوبا، لاؤس، سیرا لیون، ٹوگو، ترکمانستان اور وینزویلا شامل ہیں۔

ٹرمپ انتظامیہ نے دہشت گردی، شناخت کی ناکافی تصدیق، ویزا لے کر آئے ہوئے لوگوں کا، مدت سے زیادہ رُکے رہنا اور مجرمانہ ریکارڈ کی ناکافی دستیابی، اِس بندش کی وجوہات بتائی ہیں۔

یہ حکم ایک صدارتی اعلامیے کے تحت جاری کیا گیا، جو ایک ایگزیکٹو آرڈر کے مساوی ہے۔

**US Indians Win City Council**

امریکہ میں، بھارت نژاد دو امریکی افراد سنجے سنگھل، اور سُکھ کور نے، ٹیکسس میں سٹی کاؤنسل کے **Run Off** انتخابات میں کامیابی حاصل کی ہے۔

**Sugar Land's District-2** میں سنجے سنگھل نے اپنے قریب ترین حریف ناصر حسین پر فیصلہ کن جیت حاصل کی۔ سنگھل، توانائی کے شعبے کے، ایک ریٹائرڈ عہدیدار ہیں اور انہوں نے **IIT** دلّی سے گریجویشن کیا ہے۔

اس کے علاوہ **CAROL-McCutcheon** کو شُگرلینڈ کا میئر منتخب کیا گیا ہے، جہاں بھارت نژاد امریکیوں کی ایک بڑی تعداد ہے۔

**Israel Hamas Leader Body**

اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ اُس نے جنوبی غزہ کے خان یونس میں ایک یوروپین اسپتال کی سرنگ میں حماس کے سینئر لیڈر محمد **Sinwar** کی لاش کو ڈھونڈ نکالا ہے اور اُس کی پہچان کرلی ہے۔ اسرائیلی فوج **IDF** کے مطابق، **Sinwar** پچھلے ماہ کی 13 تاریخ کو ایک فضائی حملے میں مارا گیا تھا، جس میں حماس کی سول ڈیفنس ایجنسی نے کہا تھا کہ اِس ہوائی حملے میں 28 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے تھے۔ محمد **Sinwar** حماس کے سابق لیڈر یحیٰ **Sinwar** کا چھوٹا بھائی تھا جو اکتوبر میں جنوبی غزہ میں اسرائیلی فوج کے ہاتھوں ہلاک ہوگیا تھا۔ **IDF** نے دعویٰ کیا ہے کہ اُس کی شناخت کی تصدیق کرنے کیلئے **DNA** ٹیسٹ کا استعمال کیا گیا تھا۔ حالانکہ حماس نے اُس کی ہلاکت کے بارے میں سرکاری طور پر کوئی بات تسلیم نہیں کی ہے۔**IDF** نے یہ بھی اطلاع دی ہے کہ حماس کے **Rafah Brigade** کے کمانڈر محمد **Sabaneh** کی لاش بھی اُسی سرنگ کے کمپلیکس میں **Sinwar** کے ساتھ پائی گئی تھی۔

**Axiom-4 Mission**

باوقار **AXIOM-4 (Ax-4)** مشن، کل بھارتی وقت کے مطابق شام پانچ بجکر 52 منٹ پر ناسا کے کینیڈی اسپیس سینٹر سے بھیجا جائے گا۔ اِس تاریخی مشن کے تحت امریکہ، بھارت، پولینڈ اور ہنگری کے چار خلاء بازوں کو زمین کے قریب والے مدار **LEO** میں ایک 14 روزہ سائنسی مشن پر خلاء میں روانہ کیا جائے گا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی کہ ہے ان چار خلاء بازوں میں بھارت کے **Subhanshu** شکلا بھی شامل ہیں۔

شکلا، 1984 میں راکیش شرما کے مشن کے بعد، خلاء میں جانے والے دوسرے بھارتی خلاء باز ہوں گے۔ اس مشن کی بدولت، ناسا، اسرو اور دیگر بین الاقوامی خلائی ایجنسیوں کے درمیان ساجھیداری مزید مستحکم ہوگی۔

**Telangara Former President**

سابق صدر رام ناتھ کووند نے، ہریانہ کے گورنر Bandaru Dattatreya کو ایک ایسا اہم لیڈر قرار دیا ہے جن کا عوامی زندگی میں کوئی حریف یا دشمن نہیں ہے۔

تیلگو میں Dattatreya کی خود نوشت 'Prajala Kathe, Naa Atma Katha' جاری کرنے کے بعد اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ Dattatreya ایک ایسی شخصیت ہیں جو سب کی دوست ہے۔

سابق نائب صدر ایم وینکیا نائیڈو سمیت سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر بہت سے لیڈروں نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ اِن میں آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ این چندرا بابو نائیڈو، تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی، مختلف ریاستوں کے گورنرز اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی بھی شامل تھے۔

**Maharashtra CSMT**

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دیویندر فڑنویس نے آج صبح سویرے ایک خصوصی ''چھترپتی شیواجی مہاراج بھارت گورو ٹورسٹ ٹرین'' کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ٹرین چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمنس سے روانہ کی گئی۔

ایک رپورٹ

**V/C Bhavana**

مسافروں کو، پانچ روزہ وراثتی سفر کے دوران، خصوصی ٹرین چھترپتی شیواجی مہاراج کی زندگی سے جڑے اہم تاریخی اور ثقافتی مقامات تک لے جائے گی۔ یہ ٹرین، رائے گڑھ قلعہ، شیونیری قلعہ، پرتاپ گڑھ قلعہ، پنہالا قلعہ، لال محل، قصبہ گنپتی اور Shivsrushti سمیت اہم مقامات کا احاطہ کرے گی۔

ممبئی سے بھاؤنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ------------

**AIIA Yoga Day**

یوگ کے بین الاقوامی دن کی تقریبات کے حصے کے طور پر، آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف آیوروید AIIA ایک خصوصی تین روزہ Iyenger یوگ ورکشاپ کرا رہا ہے۔ یہ ورکشاپ ''یوگ سَماویش'' کے موضوع کے تحت، آج سے شروع ہو رہی ہے، جو بدھ تک دوپہر دو بجے سے تین بجے تک روزانہ منعقد کی جائے گی۔

یہ ورک شاپ، خاص طور پر AIIA سے وابستہ دانشوروں اور یوگ کے شائقین کیلئے ہے۔ دلچسپی رکھنے والے لوگ ڈاکٹر رام اوتار شرما کیو ای میل بھیج کر اپنا اندراج کراسکتے ہیں۔ ای میل کا پتہ یہ ہے، dr.rsharma@aiia.gov.in

AIIA کی ڈائریکٹر پروفیسر Manjusha گوپال نے زور دے کر کہاکہ یوگ ساویش سے یوگ کو سبھی کیلئے قابل رسائی اور علاج کے طور پر فراہم کرنے کے، ادارے کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

**Akashvani 89 Years**

نواسی سال پہلے، 8 جون 1936 کو بھارت کی سرکاری نشریات کی خدمات کو، آل انڈیا ریڈیو کا نام دیا گیا تھا۔ یہ یادگار دن ملک کی ثقافت اور اطلاعات و نشریات کی تاریخ میں ایک خاص لمحہ تھا، جب ایک آواز، نسلوں کیلئے گونجنا شروع ہوئی تھی۔

ایک رپورٹ

V/C Adarsh

7 جون 1936 کو، ایک دن پہلے آل انڈیا ریڈیو کے اُس وقت کے سرکاری میگزین The Indian Listener کے سرورق پر، دنیا کیلئے، AIR کا اعلان شائع ہوا۔ یہ لمحہ یادگار بن کر رہ گیا، جو ایک وراثت ہے، اور جو زندہ و جاوید ہے۔ آکاشوانی کا دلّی اسٹیشن ایک ایسا مرکز بن گیا، جہاں سے آواز کو، پر اور پرواز ملے، اور تاریخ کو ایک مائک میسر آیا۔ آزادی کے بعد AIR کی، بڑی تیزی سے توسیع ہوئی، اور 1956 میں اِسے آکاشوانی کا نام دیا گیا۔ آج آکاشوانی، 591 اسٹیشنوں سے اپنی خدمات پیش کرتا ہے اور وہ 23 زبانوں، نیز 146 لہجوں میں، بھارت کی 98 فیصد آبادی تک پہنچتا ہے۔ آکاشوانی کی ایکسٹرنل سروسز ڈویژن کی نشریات، 100 سے زیادہ ملکوں تک جاتی ہیں اور وہاں آباد بھارتی برادری کو بھی خبردار اور محظوظ کرتی ہیں۔ AIR کا نیوز سروسز ڈویژن NSD اپنی اقدار ''بہوجن ہتائے، بہوجن سُکھائے'' کو ہمہ وقت تازہ رکھتے ہوئے اِس وسیع و عریض ملک کے لوگوں کو، اعلیٰ ترین، پیشہ ورانہ معیار اور اخلاقیات کے ساتھ، خبریں اور نظریات فراہم کرنے کی کوشش میں رہتا ہے۔

آدرش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.............

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''جسمانی اور ذہنی صحت کیلئے یوگ'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، یوگ کے ماہرین ڈاکٹر سرکشت گوسوامی اور کمل کشور کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔

**IMD**

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، جموں وکشمیر ، لداخ، پنجاب، راجستھان اور اترپردیش کے دور دراز علاقوں میں آج لُو کی پیش گوئی کی ہے۔ ایجنسی نے ہریانہ، دلی اور چنڈی گڑھ کے دور دراز کے علاقوں میں رات کو گرم کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے دلی، ہریانہ ، پنجاب، مغربی راجستھان اور مغربی اترپردیش میں دھول بھری آندھی اور تیز ہواؤں کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ، اڈیشہ، پنجاب، مغربی مدھیہ پردیش، مغربی راجستھان، انڈمان نیکوبار جزائر، آندھرا پردیش اور اندرونی کرناٹک میں بجلی گرجنے، تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے کا امکان ہے۔

**TENNIS**

ٹینس میں، اسپین کے Carlos Alcaraz نے، کل رات فرنچ اوپن فائنل میں، اٹلی کے دنیا کے نمبر ایک کھلاڑی Jannik Sinner کو ہرا کر فرنچ اوپن کا خطاب اپنے پاس برقرار رکھا ہے۔موجودہ چمپئن Alcaraz نے، شکست سے بال بال بچتے ہوئے، نہ صرف اپنے خطاب کا دفاع کیا، بلکہ اسپین کے اِس 22 سالہ کھلاڑی نے، گرینڈ سلیم کی تاریخ میں سب سے سنسنی خیز فائنل میں، شاندار جیت حاصل کی۔ اِس طرح Alcaraz نے، نہ صرف اپنا دوسرا Roland Garros خطاب جیتا بلکہ انہوں نے پانچواں گرینڈ سلیم کا خطاب بھی حاصل کیا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... حسین اختر
شکریہ -اسلم

''پورا یوروپ دہشت گردی کے مسئلے پر بھارت کے موقف کے ساتھ ہے۔'' بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ روی شنکر پرساد

کے اس بیان کو روزنامہ پرتاپ نے بڑی خبر بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق روی شنکر پرساد کی قیادت میں کُل جماعتی وفد نے چھ یوروپی ممالک کے اپنے سفارتی دورے کے دوران دہشت گردی پر بھارت کے موقف کو سختی سے بیان کیا اور اپنے ہم منصبوں کو پہلگام دہشت گردانہ حملے اور آپریشن سندور کے ذریعہ بھارت کے ردِعمل سے آگاہ کیا۔

راشٹریہ سہارا کی ایک خبر کے مطابق الیکشن کمیشن نے انتخابات ''فِکس'' کرنے کے الزام کو مضحکہ خیز قرار دیا۔

تمل زبان، بھارت کی عظیم زبانوں میں سے ایک ہے'': وزیر داخلہ امت شاہ کے اس بیان کو روزنامہ پرتاپ نے اپنی پہلی خبر بنایا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر کے مطابق حکومت نے دودھ اور دودھ سے بنی مصنوعات یعنی ڈیری کے شعبے کے ذریعے دیہی معیشت کو مضبوط کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب اور راشٹریہ سہارا نے امریکہ کے شہر لاس اینجلس میں تارکین وطن کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہنے کی خبر کو جلی سرخیوں میں شائع کیا ہے۔

اخبارات کے مطابق لاس اینجلس میں نیشنل گارڈس تعینات کرنے کا صدر ٹرمپ کا اعلان، امیگریشن چھاپوں کے خلاف پُرتشدد مظاہرے، درجنوں تارکین وطن گرفتار۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 کانگریس ممبر پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت والے کُل پارٹی وفد نے، امریکہ کا اپنا دورہ مکمل کیا۔

2 سکّم کے، 28 شہریوں اور 20 فوجیوں کو، زمینی تودے گرنے سے متاثرہ علاقوں سے، ہیلی کاپٹر کے ذریعے محفوظ علاقوں میں پہنچایا گیا۔

3 DRDO نے دفاعی سازو سامان کی تیاری کے ٹھکانے کو توسیع دینے کے مقصد سے، 9 دفاعی ٹیکنالوجیز، 10 بھارتی کمپنیوں کو منتقل کردی ہیں۔

4 امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اُس حکم پر جس میں 12 ملکوں کے شہریوں کو امریکہ میں داخل ہونے سے روکا گیا ہے، آج سے عمل شروع ہوجائے گا۔

5 اور ٹینس میں، کارلوس الکاراز نے، ابھی تک کے، سب سے دیر تک کھیلے جانے والے، فرنچ اوپن کے فائنل میں، Jannik Sinner کو ہراکر، خطاب اپنے پاس برقرار رکھا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---